**Question Bank**

**P.G Department of Urdu**

**Maulana Azad College**

**M.A**

**1st Semester**

**C C - 1**

**1. درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے:**

(1) زبان کی تعریف کرتے ہوئے زبان اور بولی کے فرق کو واضح کیجیے۔

(2) ہند آریائی زبان کا ارتقا کس طرح ہوا؟ لکھیے۔

(3) ہندستان میں آریاؤں کی آمد کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے اور کس طرح؟ تفصیلی بحث کیجیے۔

(4) وسط ہند آریائی دور سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(5) لسانیات کی تعریف کرتے ہوئے دیگر علوم سے اس کے رشتے کی وضاحت کیجیے۔

(6) لسانیات کی کل کتنی شاخیں ہیں؟ کسی تین شاخوں سے بحث کیجیے۔

(7) زبان سے کیا مراد ہے؟ انسانی زندگی میں اس کی اہمیت واضح کیجیے۔

(8) وسط ہند آریائی دور کی لسانی خصوصیات کا جائزہ لیجیے۔

(9) ہندوستان میں آریاؤں کی آمد سے یہاں کی زبانوں پر کس طرح کے اثرات مرتب ہوئے۔ لکھیے۔

(10) ''اردو برج بھاشا سے نکلی ہے'' یہ کس کا نظریہ ہے اور کن دلائل پر مبنی ہے؟ تفصیل سے لکھیے۔

(11) کیا اردو پنجابی سے نکلی ہے؟ اپنے خیالات کا اظہار دلائل کے ساتھ کیجیے۔

(12) زبان کے بنیادی اور آفاقی اصول سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(13) اردو زبان کے آغاز وارتقا سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(14) لسانیات کے بنیادی خدوخال سے بحث کیجیے۔

(15) اردو زبان کے تعلق سے مسعود حسین خاں کے نظریات سے بحث کیجیے۔

(16) دکنی اور قدیم اردو کی جو مشترک لسانی خصوصیات ملتی ہیں۔ ان پر روشنی ڈالیے۔

(17) دکنی اردو کی سب سے بڑی اور اہم لسانی خصوصیات کا جائزہ لیجیے۔

(18) لسانیات کی تعریف کرتے ہوئے اس کی مختصر تاریخ بیان کیجیے۔

(19) لسانیات کی اہم شاخیں کون کون سی ہیں؟ ان کی تفصیل لکھیے۔

(20) جدید ہند آریائی دور سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

## CC-2

(1) اردو کے ابتدائی زمانے سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(2) اردو کی ابتدا اور ارتقا کے سماجی محرکات سے بحث کیجیے۔

(3) امیر خسرو کی ادبی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

(4) امیر خسرو کو بحیثیت صوفی پیش کیجیے۔

(5) اردو کی نشو ونما میں صوفیائے کرام کی خدمات پر سیر حاصل گفتگو کیجیے۔

(6) خواجہ بندہ نواز گیسودراز کی ادبی خدمات سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(7) فریدالدین گنج شکر اور شرف الدین یحیٰ منیری کی خدمات کا ناقدانہ جائزہ لیجیے۔

(8) کبیر داس نے اپنی تحریر سے بھائی چارگی اور یکجہتی کی جو مثال قائم کی ہے اس سے بحث کیجیے۔

(9) گرونانک کی ادبی خدمات سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(10) دکن میں اردو کے آغاز وارتقا سے بحث کیجیے۔

(11) بہمنی دور کی لسانی وادبی صورت حال کا جائزہ لیجیے۔

(12) بہمنی دور کے کسی ایک ادیب پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

(13) عادل شاہی دور یا قطب شاہی دور کی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

(14) ملا وجہی کی نثری خدمات سے بحث کیجیے۔

(15) مثنوی ''قطب مشتری'' کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(16) دکن میں اردو شعر وادب کے فروغ میں ولی کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

(17) ابن نشاطی کی مثنویوں کا فنی ولسانی مقام متعین کیجیے۔

(18) عہد تغلق میں دہلی سے انتقال آبادی نے مشترکہ تہذیب کے فروغ کو کس حد تک متاثر کیا۔ بحث کیجیے۔

(19) مثنوی ''کدم راؤ پدم راؤ'' کی تاریخی اور لسانی اہمیت واضح کیجیے۔

(20) شمالی ہند میں اردو کے فروغ پر مختصراً روشنی ڈالیے۔

(21) شمالی ہند میں اردو شعر وادب پر ولی دکنی نے جو اثرات مرتب کیے اس کی وضاحت کیجیے۔

(22) سبک ہندی کی روایت کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

(23) سبک ہندی سے منسلک کسی دو فن کاروں کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

(24) جدید اردو نثر کے آغاز میں فورٹ ولیم کالج کے کردار سے بحث کیجیے۔

(25) فورٹ ولیم کالج کے کسی دو منشیوں کی تصنیف کا ناقدانہ جائزہ لیجیے۔

(26) فورٹ ولیم کالج سے پہلے اردو نثر کا جائزہ لیجیے۔

(27) فورٹ ولیم کالج سے پہلے کسی نثری تصنیف سے بحث کیجیے۔

(28) دلی کالج کی علمی وادبی خدمات سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

**CC-3**

(1) غزل کا مفہوم واضح کرتے ہوئے اس کی ہئیت و موضوعات سے بحث کیجیے۔

(2) دکن میں غزل کے ارتقا کا جائزہ لیجیے۔

(3) شمالی ہند میں غزل کے فروغ کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

(4) غزل کی مقبولیت کے اسباب بیان کیجیے۔

(5) دبستان دہلی کی غزل کے امتیازات واضح کیجیے۔

(6) دبستان لکھنو کی غزلوں کی خصوصیات بیان کیجیے۔

(7) ۱۸۵۷ کے بعد غزل کے موضوعات میں آنے والی تبدیلی کا جائزہ لیجیے۔

(8) غزل پر کیے جانے والے اعتراضات کا جائزہ لیجیے۔

(9) اردو غزل پر اقبال کے اثرات کا جائزہ لیجیے۔

(10) ولی کی غزل کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

(11) سراج کی غزلیہ شاعری کا جائزہ لیجیے۔

(12) مصحفی کو بحثیت غزل گو پیش کیجیے۔

(13) غالب کی غزلوں کی فنی خصوصیات کا جائزہ لیجیے۔

(14) مومن کی غزل گوئی سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(15) زبان کے حوالے سے داغ کی غزل گوئی کا جائزہ لیجیے۔

(16) شاد عظیم آبادی کی غزل گوئی کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(17) حسرت موہانی کی غزل گوئی کی خصوصیات اجاگر کیجیے۔

(18) اقبال کی غزلوں کی امتیازی خوبیوں کی نشاندہی کیجیے۔

(19) دبستان لکھنو سے وابستہ کسی ایک اہم شاعر کی غزل گوئی کا جائزہ لیجیے۔

(20) دبستان دہلی سے وابستہ کسی ایک اہم شاعر کی غزل گوئی کا جائزہ لیجیے۔

(21) اردو غزل کے آغاز و ارتقا کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

(22) مومن کی نازک خیالی سے مدلل بحث کیجیے۔

(23) ''غزل اردو شاعری کی آبرو ہے'' مدلل بحث کیجیے۔

(24) کلام غالب میں طنز و ظرافت کے عناصر کی نشاندہی کیجیے۔

(25) حسرت کی غزل گوئی کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(26) شمالی ہند میں ابتدائی دور کے غزل گویوں سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(27) ولی کی شاعری نے شمال اور دکن کے درمیان پل کا کام کیا۔ تفصیلی جائزہ لیجیے۔

(28) دبستان دہلی اور دبستان لکھنو کی غزل گوئی کا تقابلی جائزہ لیجیے۔

(29)''غزل ایک نیم وحشی صنف سخن ہے۔'' کلیم الدین احمد کی اس رائے سے آپ اتفاق رکھتے ہیں؟

(30)غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے(متنی تدریس)

## CC-4

(1)نثر کی تعریف کرتے ہوئے اردو نثر کی امتیازی خصوصیات کی نشاندہی کیجیے۔

(2)افسانوی اور غیر افسانوی نثر میں فرق واضح کیجیے۔

(3)اردو میں نثر نگاری کی روایت کا جائزہ لیجیےاوراس کے فروغ وتوسیع کا حال لکھیے ۔

(4)اردو کی غیر افسانوی نثر کی مختلف اصناف سے بحث کرتے ہوئے کسی ایک صنف کا تعارف پیش کیجیے۔

(5)تذکرہ نگاری سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟اردو میں تذکرہ نگاری کی روایت پر سیر حاصل گفتگو کیجیے۔

(6)نکات الشعرا کی روشنی میں میر تقی میر کی تذکرہ نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(7)اردو میں تذکرہ نگاری کے آغاز وارتقا کا اجمالی جائزہ لیجیے۔

(8)مکتوب نگاری سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟اردو میں مکتوب نگاری کے آغاز وارتقا کا جائزہ لیجیے۔

(9)''غالب کے خطوط اردو نثر کے ارتقا میں سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں'' مدلل بحث کیجیے۔

(10) مرزا غالب کی مکتوب نگاری کا ناقدانہ جائزہ لیجیے۔

(11)''غبار خاطر'' کی روشنی میں مولانا ابوالکلام آزد کی مکتوب نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(12)فیض احمد فیض کے خطوط کی انفرادیت واضح کیجیے۔

(13)اقبال نے اکبرالہٰ آبادی کو جوخطوط لکھے ہیں ان کا جائزہ لیجیے۔

(14)انشائیہ کی تعریف کرتے ہوئے اس کی فنی خصوصیات کی وضاحت کیجیے۔

(15)اردو میں انشائیہ نگاری کے آغاز وارتقا سے بحث کیجیے۔

(16)محمد حسین آزاد کی انشائیہ نگاری کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(17)فرحت اللہ بیگ کو بحیثیت انشائیہ نگار پیش کیجیے۔

(18)اردو میں سفرنامے کی روایت سے بحث کیجیے۔

(19)مقالہ کسے کہتے ہیں؟ مقالے کی ادبی روایت کا جائزہ لیجیے۔

(20)اردو کے اہم خاکہ نگاروں سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(21)سوانح نگاری کی تعریف کرتے ہوئے اردو کے اہم سوانح نگاروں کا جائزہ لیجے۔

(22)شبلی نعمانی کو بحیثیت سوانح نگار پیش کیجیے۔

(23)''یادگار غالب'' کی روشنی میں حالی کو بحیثیت سوانح نگار پیش کیجیے۔

(24)خودنوشت سوانح نگاری سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ جوش ملیح آبادی کو بحیثیت خودنوشت سوانح نگار پیش کیجیے۔

(25)سوانح نگاری اور خودنوشت سوانح نگاری کے درمیان فرق واضح کیجیے۔

(26)''دلی کالج نے اردو نثر کی علمی مفلسی کو دور کرنے میں نہایت اہم کردار ادا کیا ہے'' اس خیال سے بحث کیجیے۔

(27)دلی کالج کے اہم مصنفین کی عملی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

(28)سرسید اور ان کے معاصرین کے نثری کارناموں پر روشنی ڈالیے۔

(29)جدید نثر کے فروغ میں سرسید کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

(30)ادب لطیف کی روایت سے بحث کرتے ہوئے سجاد حیدر یلدرم کے ''سیل زمانہ'' کا جائزہ لیجیے۔

(31)درج ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیے۔

(الف)کربل کتھا (ب)الفاروق (ج)یادگار غالب (د)دہلی کالج (و)غبار خاطر (ہ)ماسٹر رام چندر (ی)مردہ بدست زندہ

(32)اقتباسات کی تشریح کیجیے۔(متنی تدریس)

## CC-5

(1)فکشن کی تعریف کرتے ہوئے اس کے امتیازات کی وضاحت کیجیے۔

(2)فکشن کی اقسام پر روشنی دالیے۔

(3)منظوم داستان کے بارے میں آپ جو جانتے ہیں لکھیے۔

(4)ناول اور ناولٹ کے فرق کی وضاحت کیجیے۔

(5)داستان کی تعریف کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی سے بحث کیجیے۔

(6)ناول کی تعریف کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی سے بحث کیجیے۔

(7)افسانہ کی تعریف کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی سے بحث کیجیے۔

(8)ڈراما کی تعریف کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی سے بحث کیجیے۔

(9)نصاب میں شامل کسی ایک داستان کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(10)داستان میں پائے جانے والے مافوق الفطرت عناصر کی نشاندہی کیجیے۔

(11)داستانوں کی تہذیبی وثقافتی قدر و قیمت کا تعین کیجیے۔

(12)داستان کے زوال کے اسباب پر روشنی ڈالیے۔

(13)فورٹ ولیم کالج میں لکھی گئی داستانوں کا مختصر جائزہ لیجیے۔

(14)اردو داستانوں کے آغاز وارتقا سے بحث کیجیے۔

(15)ملا وجہی کی منظوم داستان ''قطب مشتری'' کا محاسبہ کیجیے۔

(16)ملا وجہی کو بحیثیت داستان گو پیش کیجیے۔

(17)''سب رس'' کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(18)میر تقی میر کی مثنوی نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(19)میر حسن کی مثنوی نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(20)رجب علی بیگ سرور کی ''فسانہ عجائب'' کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(21) رجب علی بیگ کی داستان نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(22) میر امن کو بحیثیت داستان گو پیش کیجیے۔

(23) ''باغ و بہار کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(24) مثنوی ''در ہجو خانہ خود'' کا تجزیہ پیش کیجیے۔

(25) مثنوی ''گلزار نسیم'' کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

## *2nd Semester*

## C C - 06

**1. مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجئے:**

(1) اردو غزل پر ترقی پسند تحریک کے اثرات کا جائزہ لیجئے۔

(2) 1960ء کے بعد غزل میں جو تبدیلیاں رونما ہوئیں ان کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

(3) فیض احمد فیض کی غزلیہ شاعری کے محاسن بیان کیجئے۔

(4) باقی کو بحیثیت غزل گو پیش کیجئے۔

(5) غزل کے حوالے سے ناصر کاظمی کی شاعرانہ خوبیوں کی نشاندہی کیجئے۔

(6) فراق کی غزلیہ شاعری پر ایک نوٹ لکھئے۔

(7) یگانہ کی غزلیہ شاعری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

(8) جاں نثار اختر کا بحیثیت غزل گو مقام متعین کیجئے۔

(9) زیب غوری کی غزلیہ شاعری کا اجمالی جائزہ لیجئے۔

(10) شکیب جلالی کی غزلیہ شاعری کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں لکھئے۔

(11) ظفر اقبال کی غزلیہ شاعری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

(12) بحیثیت غزل گو عرفان صدیقی کے مقام کا تعین کیجئے۔

(13) شہر یار کی غزلوں میں پائی جانے والی خوبیوں پر روشنی ڈالیے۔

(14) مجروح سلطانپوری کی غزلوں کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

(15) ندا فاضلی کی غزلوں کی امتیازی خصوصیات کیا ہیں، لکھئے۔

(16) اردو غزل پر جدید اسلوب نے کیا اثرات مرتب کیے، بیان کیجئے۔

(17) 1936 کے بعد غزلوں میں ظاہر ہونے والی موضوعاتی تبدیلیوں کا احاطہ کیجئے۔

(18) اینٹی غزل اور آزاد غزل کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

(19) جدید غزل گو شعرا کا عمومی جائزہ لیجئے۔

(20) ناصر کاظمی کی غزلوں میں موجود علامتوں کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

## C C - 07

درج ذیل سوالات کے جواب دیجئے:

(1) اردو نثر میں طنز و مزاح کی روایت کا جائزہ لیجئے۔

(2) طنز و مزاح کے فروغ کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

(3) فرحت اللہ بیگ کو بحثیت مزاح نگار پیش کیجئے۔

(4) مضامین پطرس کے حوالے سے پطرس بخاری کی مزاحیہ نگاری پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

(5) بحثیت مزاح نگار مشتاق احمد یوسفی کے کارناموں کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔

(6) علمی نثر کی خصوصیات اجاگر کیجئے۔

(7) اردو میں علمی نثر کے آغاز وارتقا سے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھئے۔

(8) سرسید کی مقالہ نگاری پر روشنی ڈالیے۔

(9) سید سلیمان ندوی کو بحثیت مقالہ نگار پیش کیجئے۔

(10) بحثیت مقالہ نگار خواجہ غلام السیدین کے مقام کا تعین کیجئے۔

(11) مقالہ نگار کی حیثیت سے عبدالماجد دریابادی کے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجئے۔

(12) خاکہ نگاری کی روایت پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

(13) سوانح نگاری اور خاکہ نگاری کے فرق کو ظاہر کرتے ہوئے خاکہ نگاری کی فنی خصوصیات بیان کیجئے۔

(14) مولوی عبدالحق کو بحثیت خاکہ نگار پیش کیجئے۔

(15) رشید احمد صدیقی کی خاکہ نگاری کا جائزہ لیجئے۔

(16) نوٹ لکھئے:

(الف) نورخاں (ب) شفیق الرحمٰن (ج) مقالہ کا مفہوم (د) محمد علی

(اقتباسات کی تشریح کے لیے اصل متن کا بالاستیعاب مطالعہ کیجئے)

## C C - 08

درج ذیل سوالات کے جواب تحریر کیجئے:

(1) اردو ناول پر ترقی پسند تحریک نے کیا اثرات مرتّب کئے؟ جائزہ لیجئے۔

(2) اردو میں افسانہ نگاری کے آغاز اور ترقی کا حال بیان کیجئے۔

(3) ڈراما کی تعریف کرتے ہوئے اسکے اجزائے ترکیبی کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔

(4) اردو ناول میں جدیدیت کے رجحانات کی نشاندہی کیجئے۔

(5) ڈراما "انارکلی" کا تنقیدی مطالعہ پیش کیجئے۔

(6) آغا حشر کاشمیری کی ڈراما نگاری سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

(7) ناول امراؤ جان ادا کے پلاٹ سے بحث کیجئے۔

(8) امراؤ جان ادا کے کسی دو کرداروں پر نوٹ لکھئے۔

(9) بیسویں صدی میں تحریر کردہ کسی مشہور ناول کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیجئے۔

(10) افسانہ "چوتھی کا جوڑا" کی روشنی میں عصمت چغتائی کی افسانہ نگاری کا جائزہ لیجئے۔

(11) داستان، ناول اور افسانے کا فرق واضح کیجئے۔

(12) قرۃ العین حیدر کو بحیثیت ناول نگار پیش کیجئے۔

(13) گئودان کی روشنی میں پریم چند کی ناول نگاری کا جائزہ لیجئے۔

(14) سرسید تحریک کے اغراض ومقاصد پر تفصیلی روشنی ڈالئے۔

(15) منٹو کو بحیثیت افسانہ نگار پیش کیجئے۔

(16) اردو ڈرامے کی تاریخ میں اندر سبھا کی اہمیت واضح کیجئے۔

(17) نذیر احمد کو بحیثیت ناول نگار پیش کیجئے۔

(18) درج ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ لکھئے:

کالو بھنگی ۔ آنندی ۔ یک بابی ڈراما ۔ حکایات، قصے اور افسانے کا فرق

## C C - 09

**درج ذیل سوالات کے جواب تحریر کیجئے:**

(1) حیات اقبال کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔

(2) اقبال کے عہد کا سیاسی وسماجی پس منظر کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔

(3) اقبال کے عہد کی اردو شاعری پر روشنی ڈالیے۔

(4) اقبال کی قومی اور وطنی شاعری کا تنقیدی جائزہ لیجئے

(5) اقبال کی شاعری پر رومانی تحریک نے کیا اثرات مرتب کیے؟ تفصیلی جائزہ لیجئے۔

(6) رومانی تحریک کے عنوان سے ایک مضمون قلم بند کیجئے۔

(7) اقبال کی نظم نگاری ''بانگ درا'' کی روشنی میں پیش کیجئے۔

(8) اقبال کی غزل گوئی کا تنقیدی جائزہ ''بانگ درا'' کی روشنی میں پیش کیجئے۔

(9) اقبال کی شاعری پر عالم اسلام کے اثرات کس طرح مرتب ہوئے؟ تفصیلی جائزہ لیجئے۔

(10) اقبال کی شاعری پر اس کے عہد کے سیاسی وسماجی اثرات کس طرح مرتب ہوئے؟ تفصیلی جائزہ لیجئے۔

# C C - 10

**مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات دیجئے:**

(1) اقبال کی غزل گوئی کے انفرادو امتیاز پر روشنی ڈالیئے۔

(2) ضربِ کلیم کے حوالے سے اقبال کی غزل گوئی کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔

(3) اقبال کی نظم نگاری کی انفرادیت سے بحث کیجئے۔

(4) ''بالِ جبریل کی نظمیں اقبال کی عظمت کی نشانی ہیں'' اس خیال کی روشنی میں اقبال کی نظم نگاری کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

(5) اقبال کی قومی اور وطنی شاعری کا اجمالی جائزہ لیجئے۔

(6) اقبال کے یہاں ملی وقومی مسائل کے تعلق سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

(7) اقبال کو بہ حیثیت نثر نگار پیش کیجئے۔

(8) اقبال کی مکتوب نگاری کا ناقدانہ جائزہ لیجئے۔

(9) اقبال کے فکر وفن پر مشرق کے اثرات کی نشاندہی کیجئے۔

(10) اقبال پر گوئٹے اور برگساں کے اثرات کا جائزہ لیجئے۔

(11) اقبال نے اردو شعرا پر جو اثرات مرتب کئے ہیں ان کی نشاندہی کیجئے۔

(12) اقبال کے یہاں مغربی تہذیب وتمدن پر تنقید کے متعلق اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

(13) اقبال کے فلسفیانہ نظام سے بحث کیجئے۔

(14) ''اقبال کی شاعری میں فلسفہ اور فکر کی کارفرمائی ہے''۔ بحث کیجیے

(15) نوآبادیاتی فکر سے متعلق اقبال کے تصورات پر روشنی ڈالیے۔

(16) تحریک آزادی میں اقبال کے کلام کی اہمیت ومعنویت سے بحث کیجئے۔

(17) اقبال کے تصورِ عشق اور تصورِ خودی پر روشنی ڈالیے۔

(18) اقبال کے تصورات کا جائزہ لیجئے۔

(i) ابلیس (ii) کرگس (iii) شاہین (iv) مردِ مومن

(19) اقبال کی نظم لینن خدا کے حضور میں اور شعاعِ امید کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

(20) نظم ذوق وشوق کا تنقیدی مطالعہ پیش کیجئے۔

(21) اقبال کے آخری دور کی شاعری پر اظہار خیال کیجئے۔

## 3rd Semester

## CC-11

(1) نظم کیا ہے؟ اختصار سے لکھیے۔

(2) نظم کی اقسام پر روشنی ڈالیے۔

(3) پابند نظم اور نظم معریٰ کے فرق کی وضاحت کیجیے۔

(4) شمال میں نظم کے آغاز وارتقا پر روشنی ڈالیے۔

(5) دکن میں نظم کے آغاز وارتقا پر روشنی ڈالیے۔

(6) اکبر کی نظم نگاری سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(7) اقبال کی نظم نگاری کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔۔

(8) چکبست کی قومی و وطنی شاعری کا محاسبہ کیجیے۔

(9) اقبال کی قومی و وطنی شاعری کا محاسبہ کیجیے۔

(10) جوش کی انقلابی شاعری کا جائزہ لیجیے۔

(11) حالی کی نظم نگاری پر اظہار خیال کیجیے۔

(12) نظیر کی شاعرانہ عظمت بیان کیجیے۔

(13) قلی قطب شاہ کی نظم نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(14) ''مناجات بیوہ'' کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیجیے۔

(15) ''ابلیس کی مجلس شوریٰ'' کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیجیے۔

(16) قصیدہ کی تعریف کرتے ہوئے اس صنف سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(17) قصیدے کی ہیئت اور اس کے اجزائے ترکیبی سے بحث کیجیے۔

(18) قصیدہ کے عروج و زوال پر اظہار خیال کیجیے۔

(19) دکن میں قصیدہ نگاری کی روایت سے بحث کیجیے۔

(20) شمالی ہند میں قصیدہ نگاری کی روایت سے بحث کیجیے۔

(21) لکھنو میں قصیدہ نگاری کی روایت سے بحث کیجیے۔

(22) سودا اور ذوق کا موازنہ بحیثیت قصیدہ نگار کے کیجیے۔

(23) مرثیہ کی تعریف کرتے ہوئے اس صنف سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(24) مرثیہ کی ہیئت اور اس کے اجزائے ترکیبی سے بحث کیجیے۔

(25) دکن میں مرثیہ نگاری کی روایت سے بحث کیجیے۔

(26) شمالی ہند میں مرثیہ نگاری کی روایت سے بحث کیجیے۔

(27) لکھنو میں مرثیہ نگاری کی روایت سے بحث کیجیے۔

(28) انیس اور دبیر کا موازنہ بحیثیت مرثیہ نگار کیجیے۔

(29) مثنوی کی تعریف کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی سے بحث کیجیے۔

(30) دکن میں مثنوی کے آغاز وارتقا سے بحث کیجیے۔

(31) شمال میں مثنوی کے آغاز وارتقا سے بحث کیجیے۔

(32) ملا وجہی کی مثنوی نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(33) میر تقی میر کی مثنوی نگاری کا جائزہ لیجیے۔

**C C - 12**

**درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے:**

1. اردو میں ترقی پسند تحریک کے آغاز وارتقا سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔
2. اردو نظم پر ترقی پسند تحریک نے کیا اثرات مرتب کیے بیان کیجیے۔
3. نظموں کے حوالے سے فیض احمد فیض کو بحیثیت ترقی پسند شاعر پیش کیجیے۔
4. مخدوم کی نظمیہ شاعری کا جائزہ لیجیے۔
5. اردو نظم کے فروغ میں حلقہ اربابِ ذوق کی خدمات کا اظہار کیجیے۔
6. ن ۔م ۔راشد کو بحیثیت نظم نگار پیش کیجیے۔
7. میراجی کی نظموں کی فنی خصوصیات بیان کیجیے۔
8. جدیدیت کے متعلق شمس الرحمٰن فاروقی کے تصورات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔
9. عمیق حنفی کو کو بحیثیت نظم نگار پیش کیجیے۔
10. نظم "سمندر کا بلاوا" کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔
11. افضال احمد سید کی نظمیہ شاعری پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔
12. عادل منصوری کی نظم نگاری سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔
13. اختر الایمان کی نظموں کی امتیازی خصوصیات کیا ہیں، لکھیے۔
14. محمد علوی کو بحیثیت نظم نگار پیش کیجیے۔
15. ندا فاضلی کی نظم نگاری کا جائزہ لیجیے۔
16. نظم "نیا کھیل" کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔
17. بلراج کومل کی نظمیہ شاعری کا جائزہ لیجیے۔
18. کمار پاشی کی نظمیہ شاعری کے حوالے سے اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔
19. نظم "یہ زرد بچے" کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔
20. علی اکبر ناطق کو بحیثیت نظم نگار پیش کیجیے۔

## CC-13

(1) انیسویں صدی میں بنگال کی اردو شاعری سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(2) انیسویں صدی کے اواخر تک بنگال میں اردو زبان وادب کی ترویج وترقی کا حال لکھیے۔

(3) انشا اللہ خاں انشاء کو بحیثیت غزل گو پیش کیجیے۔

(4) نساخ کی خودنوشت سوانح نگاری کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(5) نساخ کی غزل گوئی کی خصوصیات واضح کیجیے۔

(6) مخلص مرش آبادی اور قدرت اللہ قدرت کی غزل گوئی سے بحث کیجیے۔

(7) بنگال میں اردو زبان کے آغاز وارتقا کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

(8) فورٹ ولیم کالج کی نثری خدمات سے بحث کیجیے۔

(9) میر امن کی نثر نگاری پر سیر حاصل گفتگو کیجیے۔

(10) جان گل کرسٹ کی اردو زبان وادب کے حوالے سے خدمات کا جائزہ لیجیے۔

(11) مظہر علی خاں ولا اور شیر علی افسوس کی خدمات سے بحث کیجیے۔

(12) نہال چند لاہوری کی نثر نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(13) فورٹ ایلم کالج میں لکھی گئی چند اہم داستانوں کا اجمالی جائزہ لیجیے۔

(14) فورٹ ولیم کالج کے چند اہم منشیوں کی خدمات سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(15) واجد علی شاہ کی ادبی خدمات کا اجمالی جائزہ لیجیے۔

(16) ''رانی کیتکی کی کہانی'' کے حوالے سے انشا اللہ خاں انشاء کی نثر نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(17) ڈراما ''بیمار بلبل'' کی روشنی میں احمد حسین وافر کی ڈراما نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(18) درج ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیے۔

(i) مذہب عشق (ii) سید محمد آزاد (iii) کاظم علی جواں (iv) عبدالغفور شہباز

(v) فورٹ ولیم کالج (vi) کرشنا بہادر دیب کنور (vii) مولوی رشید النبی

(19) ۱۸۵۷ کی ناکام جنگ آزادی نے بنگال کے اردو شعر وادب پر کیا اثرات مرتب کیۓ مدلل بحث کیجیے۔

(20) انیسویں صدی میں بنگال میں فورٹ ولیم کالج سے باہر کی اردو خدمات کا جائزہ لیجیے۔

(21) حیدر بخش حیدری ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

## GE-1

(1) تقسیم ہند سے پیدا ہونے والی سیاسی وسماجی تبدیلیوں نے جدید اردو شاعری کو کس حد تک متاثر کیا؟ واضح کیجیے۔

(2) سیاسی وسماجی پس منظر کے حوالے سے نئے ادب میں کیا کیا تبدیلیاں رونما ہوئیں؟ بحث کیجیے۔

(3) جدیدیت کی تعریف کرتے ہوئے جدید شاعری کا ناقدانہ جائزہ لیجیے۔

(4) جدید شاعری میں عصری حسیت کی وضاحت کیجیے اور اس کے موضوعات سے بحث کیجیے۔

(5) ''جدیدت کے پیش رو'' کے عنوان سے ایک مضمون قلم بند کیجیے۔

(6) جدیدت کے رجحان سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اس رجحان کے زیر اثر جدید نظم میں کون کون سی تبدیلیاں رونما ہوئیں؟

(7) حسرت کی جدید شاعری کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

(8) یگانہ کے کلام میں جو بیبا کانہ اور مردانہ اظہار ملتا ہے اسے مثالوں کے ذریعہ واضح کیجیے۔

(9) جدید شاعری میں فراق کے نشان امتیازات سے بحث کیجیے۔

(10) نئی شاعری میں نئے موضوعات کو کامیابی کے ساتھ جن شاعروں نے پیش کیا ہے ان کا مختصراً احاطہ کیجیے۔

(11) اردو نظم اور اس کے فروغ پر اظہار خیال کیجیے۔

(12) اردو نظم نے کس طرح سابقہ روایات سے انحراف کیا ہے؟ بحث کیجیے۔

(13) آزاد نظم اور نثری نظم نے نئے موضوعات کو پیش کرنے میں کس حد تک کامیابی حاصل کی ہے؟ اس کی وضاحت کیجیے۔

(14) نظم کی تعریف کرتے ہوئے اس کے امکانات سے بحث کیجیے۔

(15) گیت کی تعریف کیجیے اور ندا فاضلی کے گیت کا ناقدانہ جائزہ لیجیے۔

(16) سانیٹ، ترائیلے اور ہائیکو کا مختصر تعارف پیش کیجیے۔

(17) میراجی کے گیتوں کی خصوصیات سے بحث کیجیے۔

(18) ندا فاضلی کے گیتوں میں کون سی ایسی بات ہے جو انہیں اپنے ہم عصروں میں ممتاز بناتی ہے۔

(19) اختر الایمان کی نظم ''نہ مرنے والا آدمی'' پر اظہار خیال کیجیے۔

(20) اختر الایمان کو بحیثیت جدید شاعر پیش کیجیے۔

(21) میراجی کی جدید شاعری کا ناقدانہ جائزہ لیجیے۔

(22) جدید شاعروں میں ندا فاضلی کا مقام متعین کیجیے۔

(23) نثری نظم ''ہوا پر دستک'' کے حوالے سے بلراج کومل کی نثری نظم نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(24) ن۔م۔راشد کی سانیٹ ''انسان'' کا تجزیہ پیش کیجیے۔

(25) ن۔م۔راشد کی شاعرانہ خصوصیات واضح کیجیے۔

**D.S.E - 1**

**1. مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے:**

1. علی گڑھ تحریک کے پس منظر پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔
2. سرسید احمد خان کے سیاسی موقف کا اظہار کیجیے۔
3. سرسید اور اصلاح معاشرہ کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔
4. سائنٹفک سوسائٹی سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔
5. سرسید کے رفقاء کی ادبی خدمات کا اجمالی تعارف پیش کیجیے۔
6. انجمن پنجاب کے قیام اور اس کے اغراض و مقاصد پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔
7. انجمن پنجاب کے مشاعروں سے متعلق اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔
8. انجمن پنجاب کے زیر اثر نظموں میں کیے جانے والے تجربات کا جائزہ لیجیے۔
9. اسماعیل میرٹھی کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔
10. محمد حسین آزاد کی نظمیہ شاعری کا عمومی جائزہ لیجیے۔
11. اقبال کو بحیثیت نظم نگار پیش کیجیے۔
12. اردو میں رومانی تحریک کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔
13. اردو میں رومانی تحریک کو فروغ دینے والے ادبا کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔
14. ابوالکلام آزاد کی نثری خوبیوں کا اظہار کیجیے۔
15. نیاز فتحپوری کی ادبی خدمات کے حوالے سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔
16. سجاد حیدر یلدرم کی نثر نگاری پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔
17. شامل نصاب متن ''نظم اور کلام موزوں کے باب میں'' کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔
18. اردو شاعری میں رومانیت کے حوالے سے اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔
19. اختر شیرانی کی نظم نگاری کا جائزہ لیجیے۔
20. ''گل بانگ قفس'' کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

## 4th Semester

## C C - 14

درج سوالات کے جواب تحریر کیجئے:

(1) تذکرہ کی تعریف کرتے ہوئے اس کے آغاز وارتقا سے بحث کیجیے۔

(2) تذکروں کی اہمیت وافادیت سے بحث کرتے ہوئے اردو میں تذکرہ نگاری کی روایت پر روشنی ڈالیے۔

(3) تذکرے تنقید کے ابتدائی نقوش ہیں۔اس خیال کی وضاحت مع دلائل کیجئے۔

(4) ادب سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ادب کے مشرقی ومغربی نظریات سے بحث کیجیے۔

(5) ادب کی تعریف کیجئے اور ادب میں علم وفن کا فرق واضح کیجئے۔

(6) تنقید کا مفہوم بتایئے نیز تحقیق اور تنقید کا آپس میں کیا تعلق ہے، واضح کیجئے۔

(7) تخلیق سے آپ کیا سمجھتے ہیں تخلیق اور تنقید کے رشتے کی وضاحت کیجئے۔

(8) "اردو میں تنقید کا وجود محض فرضی ہے۔یہ اقلیدس کا خیالی نقط ہے یا معشوق کی موہوم کمر۔" اپنی رائے مع دلائل پیش کیجئے۔

(9) "ادب اور تنقید ایک دوسرے کے لئے لازم وملزوم ہیں۔" ..... اس قول کی روشنی میں اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

(10) "بیسویں صدی میں اردو تنقید" کے عنوان سے ایک مضمون لکھئے۔

(11) اردو میں ترقی پسند ادبی تحریک سے اپنی واقفیت کا اظہار کرتے ہوئے ترقی پسند تنقید سے بحث کیجئے۔

(12) اردو کے اہم تنقیدی دبستانوں سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

(13) اردو تنقید پر مغربی تنقید کے اثرات کی نشاندہی کیجئے۔

(14) اردو تنقید کے آغاز وارتقا پر سیر حاصل گفتگو کیجئے۔

(15) سرسید کی اصلاحی تحریک نے ادب اور تنقید کو کون سا نیا رخ عطا کیا؟ وضاحت کیجئے۔

(16) تنقید کا منصب کیا ہے؟ تنقید میں تحسین، تشریح اور تجزیہ کس طرح جذب ہوتے ہیں؟ بحث کیجئے۔

(17) مشرقی تنقید کیا ہے؟ فصاحت، بلاغت اور بیان ومعانی کا مشرقی تنقید میں کیا کردار ہے؟

(18) عبدالرحمٰن بجنوری کے تنقیدی نظریات پر روشنی ڈالیے۔

(19) مولوی عبدالحق کو منفرد ناقد کی حیثیت سے پیش کیجئے۔

(20) نیاز فتح پوری کا تعلق کس تنقیدی دبستان سے ہے؟ ان کے افکار ونظریات سے بحث کیجئے

(21) "مقدمہ شعروشاعری" کی روشنی میں مولانا حالی کی تنقید نگاری کی خصوصیات واضح کیجئے۔

(22) "اردو تنقید کے تقابلی دبستان کے بنیاد گزار ہونے کا سہرا علامہ شبلی نعمانی کے سر ہے۔"

اس قول کی روشنی میں شبلی نعمانی کے تنقیدی امتیازات واضح کیجئے۔

(23) مولوی محمد حسین آزاد کی "آب حیات" کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

## C C - 15

**1. مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجئے:**

(1) ادب اور تنقید کے باہمی رشتے کی وضاحت کیجئے۔

(2) ترقی پسند تحریک کے زیر اثر تنقید کا جائزہ لیجئے۔

(3) مجنوں گورکھپوری کی تنقیدی بصیرت کا جائزہ لیجئے۔

(4) اختر حسین رائے پوری کو بحیثیت ناقد پیش کیجئے۔

(5) سجاد ظہیر ترقی پسند تنقید کا ایک اہم نام ہے بحث کیجئے۔

(6) احتشام حسین کے عہد کی تنقید پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

(7) احتشام حسین کے تنقیدی تصورات کی وضاحت کیجئے۔

(8) احتشام حسین کے تنقیدی اسلوب پر ایک جامع نوٹ لکھئے۔

(9) ترقی پسند تحریک سے احتشام حسین کے رشتے پر روشنی ڈالیے۔

(10) ادب اور سماج کے رشتے پر روشنی ڈالیے۔

(11) علی سردار جعفری کو بحیثیت ناقد پیش کیجئے۔

(12) ممتاز حسین کو بحیثیت ناقد پیش کیجئے۔

(13) ترقی پسند تنقید کا ایک اہم نام محمد حسن ہے؟ بحث کیجئے۔

(14) ''اردو تنقید کا وجود فرضی ہے یہ اقلیدس کا خیالی نقطہ ہے یا معشوق کی موہوم کمر''
کلیم الدین احمد کے مذکورہ بیان کی تشریح کیجئے۔

(15) کلیم الدین احمد کے تنقیدی سرچشمے پر روشنی ڈالیے۔

(16) کلیم الدین احمد کی تنقید انتہا پسندی کی کوکھ سے جنم لیتی ہے ،اس خیال کی وضاحت کیجئے۔

(17) آل احمد سرور کی تنقید نگاری کا جائزہ لیجئے۔

(18) تنقید کیا ہے؟ کی روشنی میں آل احمد سرور کی تنقیدی بصیرت کا جائزہ لیجئے۔

(19) محمد حسن عسکری کو بحیثیت ناقد پیش کیجئے۔

(20) خورشید الاسلام کی تنقیدی صلاحیت کو احاطہ تحریر میں لائیے۔

(21) تاثراتی تنقید کی وضاحت کیجیے۔

(22) رومانی تنقید کسے کہتے ہیں؟

(23) اردو میں جمالیاتی تنقید کی صورت حال پر روشنی ڈالیئے۔

(24) جمالیاتی تنقید سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(25) تنقید کی تعریف کرتے ہوئے الطاف حسین حالی کی تنقیدی بصیرت کا جائزہ لیجیے۔

(26) جمالیات کے لغوی واصطلاحی مفہوم بیان کرتے ہوئے مشرق ومغرب میں جمالیات کے تصور پر روشنی ڈالیئے۔
(27) رومانیت کیا ہے؟ رومانی تنقید کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ بیان کیجیے۔
(28) تاثراتی تنقید کے بنیادی تصورات کیا ہیں؟ بحث کیجیے۔
(29) نفسیاتی تنقید کسے کہتے ہیں؟ بحث کیجیے۔
(30) نفسیاتی تنقید سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟۔
(31) اردو میں نفسیاتی تنقید کے آغاز وارتقا پر ایک نوٹ قلمبند کیجیے۔
(32) مارکسی تنقید اور ترقی پسند تنقید میں کیا فرق ہے؟ مع دلائل گفتگو کیجیے۔
(33) ترقی پسند تنقید کی بنیادی اہمیت کیا ہے؟ ترقی پسند تنقید ادبی مطالعے میں کن باتوں پر زور دیتی ہے۔ بحث کیجیے۔
(34) آل احمد سرور کے نقطۂ نظر کے مطابق تنقید کے اوصاف بیان کیجیے۔
(35) شمس الرحمٰن فاروقی کو بحیثیت نظریہ ساز نقاد پیش کیجیے۔
(36) شمس الرحمٰن فاروقی کو بحیثیت ناقد پیش کیجیے۔
(37) تنقید کے مختلف دبستانوں سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔
(38) اسلوبیاتی تنقید سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔
(39) عملی تنقید کے مختلف رویوں پر سیر حاصل گفتگو کیجیے۔
(40) خلیل الرحمٰن اعظمی کی ناقدانہ صلاحیت کو احاطۂ تحریر میں لائیے۔
(41) جدید تنقیدی رویے پر ایک نوٹ تحریر کیجیے۔
(42) اردو میں ساختیاتی تنقید کی ابتدا کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔
(43) اسلوبیاتی تنقید کے طریق کار سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ بحث کیجیے۔
(44) ساختیاتی تنقید کے متعلق اپنے خیالات کی وضاحت کیجیے۔

## C C - 16

1. آزادی کے بعد بنگال میں اردو شاعری کا جائزہ لیجئے۔
2. بنگال کے اردو شعراء پر ترقی پسند تحریک کے اثرات کا جائزہ لیجئے۔
3. جمیل مظہری کی ادبی خدمات کا محاسبہ کیجئے۔
4. پرویز شاہدی کی غزل گوئی کے امتیازات کی نشاندہی کیجئے۔
5. وحشت کلکتوی کی شاعری کا ناقدانہ جائزہ لیجئے۔
6. آصف بنارسی کی رباعی گوئی کا جائزہ لیجئے۔

7. ل احمد اکبرآبادی کی ادبی خدمات کا احاطہ کیجیے۔

8. مولانا ابوالکلام آزاد کی نثر نگاری کی خصوصیات سے بحث کیجیے۔

9. ل احمد اکبرآبادی کے نثری کارناموں سے اپنی وقفیت کا اظہار کیجیے۔

10. بیسویں صدی کے نصف اول میں بنگال میں اردو شاعری کے ارتقا پر روشنی ڈالیے۔

11. بیسویں صدی کے نصف اول میں بنگال میں اردو نثر کے ارتقا پر روشنی ڈالیے۔

12. عندلیب شادانی کی شاعری کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

13. "شاکر کلکتوی بنگال کے ایک خوش فکر شاعر ہونے کے ساتھ وحشت کے عزیز شاگرد بھی تھے۔"
مندرجہ بالا خیال کی روشنی میں شاکر کلکتوی کا شاعرانہ تعارف پیش کیجیے۔

14. ناطق لکھنوی کی شخصیت پر روشنی ڈالیے۔

15. شاکر کلکتوی کی حیات اور شخصیت پر روشنی ڈالیے۔

16. آصف بنارسی کی حیات اور شخصیت پر روشنی ڈالیے۔

17. آصف بنارسی کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

18. آغا حشر کاشمیری کی ڈرامانگاری سے بحث کیجیے۔

19. نصیر حسین خیال کی نثر نگاری کا جائزہ لیجیے۔

20. عبدالرزاق ملیح آبادی کی ادبی یا صحافتی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

21. عبدالرزاق ملیح آبادی کے نثری کارنامے سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

22. جمیل مظہری کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

23. پرویز شاہدی کی ادبی خدمات کا احاطہ کیجیے۔

24. نیاز حیدر سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

25. اشک امرتسری کی حیات و شخصیت پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

26. جمیل مظہری کی حیات اور شخصیت پر اظہار خیال کیجیے۔

27. نصیر حسین خیال کی ادبی خدمات پر روشنی دالیے۔

28. اشک امرتسری کی عوامی شاعری کے پیش نظر انہیں نظیر ثانی کہنا کہاں تک درست ہوسکتا ہے؟ بحث کیجیے۔

29. جدیدیت کے رجحان سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ بنگال میں اس سے متاثر ہونے والے شاعروں کی نشاندہی کیجیے۔

30. بنگال میں جدیدیت سے متاثر ہونے والے نثر نگاروں کی نشاندہی کیجیے۔

31. مغربی بنگال میں ترقی پسند نظم نگار شعراء میں سے اہم شعراء کا اجمالی تعارف پیش کیجیے۔

32. مغربی بنگال میں ترقی پسند غزل گو شعراء میں سے اہم شعراء کا اجمالی جائزہ پیش کیجیے۔

33. مغربی بنگال میں ترقی پسند افسانہ نگاروں میں سے نمائندہ افسانہ نگاروں کا اجمالی جائزہ لیجیے۔

34. مغربی بنگال میں جدیدیت سے متاثر ہونے والے اہم افسانہ نگاروں کا اجمالی جائزہ لیجیے۔

35. مغربی بنگال کے شعری مزاج سے بحث کیجئے۔

36. "مغربی بنگال میں ادبی صحافت" کے عنوان سے ایک مضمون قلمبند کیجئے۔

37. مغربی بنگال میں اردو ڈراما نگاری کے ارتقا کا جائزہ لیجئے۔

38. آغا حشر کاشمیری کی حیات وشخصیت پر روشنی ڈالیے۔

39. ''چڑیا اور چڑے کی کہانی'' کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

40. ''دو مزدور'' کے حوالے سے ل احمد اکبر آبادی کو بحیثیت افسانہ نگار پیش کیجئے۔

## D.S.E - 03

## (ادبی تحریکات: ترقی پسند ادبی تحریک تا جدیدیت)

**درج ذیل سوالات کے جواب تحریر کیجئے:**

(1) ترقی پسند ادبی تحریک کے اغراض ومقاصد پر تفصیل سے روشنی ڈالئے۔

(2) اردو افسانے پر ترقی پسند ادبی تحریک نے کیا اثرات مرتّب کئے، جائزہ لیجئے۔

(3) حلقہء ارباب ذوق کے زیر اثر جن ہئیتی تجربوں کو راہ ملی انکی تفصیل پیش کیجئے۔

(4) جدیدیت کی تعریف کرتے ہوئے اس کے آغاز وارتقا کا جائزہ لیجئے۔

(5) ۱۹۶۰ء کے بعد کی اردو غزل کے موضوعات اوراسالیب سے بحث کیجئے۔

(6) اردو نظم کے فروغ میں ترقی پسند تحریک کی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

(7) مابعد جدیدیت کے آغاز وارتقا سے بحث کیجئے۔

(8) جدیدیت اور مابعد جدیدیت کے فرق کو واضح کیجئے۔

(9) بابو گوپی ناتھ کی روشنی میں منٹو کی افسانہ نگاری کا جائزہ لیجئے۔

(10) درج ذیل نظموں میں سے کسی ایک کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

میرا سفر - کتبہ

(11) حلقہء ارباب ذوق سے تعلق رکھنے والے کسی ایک شاعر کی نظم نگاری کا جائزہ لیجئے۔

(12) ۱۹۸۰ء کے بعد کی اردو شاعری کا اجمالی جائزہ لیجئے۔

(13) ۱۹۸۰ء کے بعد کسی ایک شاعر سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

(14) درج ذیل افسانوں میں سے کسی ایک کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

بجوکا - ڈار سے بچھڑے - لیمپ جلانے والے

(15) غلام عباس کی افسانہ نگاری کا جائزہ لیجئے۔

(16) ۱۹۶۰ء کے بعد کسی ایک اہم شاعر یا افسانہ نگار سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

G. E - 03

**مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے:**

(1) میر کے حالات زندگی پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

(2) عہد میر کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

(3) میر سے قبل اردو شاعری کی روایت کا جائزہ لیجیے۔

(4) میر کے عہد کی شاعری کا عمومی جائزہ لیجیے۔

(5) میر کو بحیثیت غزل گو پیش کیجیے۔

(6) میر کی آپ بیتی کے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

(7) میر کے ممتاز معاصرین شعرا کی غزلوں کا اجمالی جائزہ لیجیے۔

(8) میر کی شاعری اور انسانی تعلقات کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

(9) میر کی مقبولیت کے اسباب کیا ہیں، لکھئے۔

(10) بحیثیت قصیدہ گو میر کا مقام متعین کیجیے۔

(11) میر کی مثنوی نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(12) میر کی مرثیہ نگاری پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

(13) میر کی رباعیوں کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(14) میر کی زبان کے حوالے سے اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

**(15) اشعار کی تشریح کیجیے:**

**(16) رباعیات کی تشریح کیجیے:**